Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۷ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۸ ربیع الاول سنہ ۱۳۴۶ھ مطابق ۵ ستمبر سنہ ۱۹۲۷ء | جلد ۳۹

نمبر شمار	فہرست مضامین	نمبر صفحہ
۱	بابت ادخال چرس تحت قانون مسکرات۔	۱و۲
۲	رخصت رجسٹرار ثبت خانہ۔	۲
۳	تاکید سررشتہ آڈٹ نسبت جانچ حسابات خیرات۔	؍؍
۴	معافی قصور خداعیلخان رسالدار میجر	۳
۵	تنبیہ و ہدایات مجسٹریٹ آبکاری۔	۳و۴
۶	تیراندازی وغیرہ پیر رسالہ لکلان	۴
۷	اضافہ ڈسپنسر صاحب کران ادویات یونانی	؍؍
۸	تخفیف صیغہ سپلائی	۵
۹	معطلی سید شوکت علی اہلکار کلرک	؍؍
۱۰	ترمیم حکم نمبر ۔ معطلی	؍؍
۱۱	معافی قصور صاحب مجسٹریٹ آبکاری	؍؍
۱۲	رخصت ... عطیلخان اہلمد	۵
۱۳	بابت اندراج ... قوت برقی	۶
۱۴	نقشہ حیات و ممات و بارش و نرخنامہ	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۱ اگست سنہ ۱۹۲۷ء

کاغذات ملاحظہ ہوے۔ تجویز نواب ولیعہد بہادر ۲۲ جولائی سنہ ۱۹۲۷ء منظور ہے۔ چرس کو تحت قانون مسکرات داخل کیا جاتا ہے اور اُسکے مقدمات کی سماعت بموجب دفعہ (۵) ایکٹ افیون و مسکرات منظور کیجاتی ہے۔ اب قانون مسکرات جاری ہوگیا ہے۔ اس لئے قانون آبکاری مین جہانتک کوکین و چرس کا ذکر و تعلق ہے وہ منسوخ سمجھا جائے۔ مقدمات چرس و کوکین تحت قانون آبکاری عدالت صیغہ آبکاری مین دائر ہوکر اُسکا اپیل اجلاس نواب ولیعہد بہادر مین آتا تھا۔ اب زیر دفعہ (۵) تحت قانون مسکرات کارروائی ہوگی۔

کاغذات بغرض اجرای احکام نواب ولیعہد بہادر کے اجلاس مین مرسل ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

صاحب رجسٹری بہادر صنعت و حرفت کی عرضداشت متعلقہ اجلاس ہمایون مین پیش ہی جسمین استدعا ہی کہ چرس کے مقدمات زیر دفعہ (۴۲) ایکٹ آبکاری سزایاب ہوتے ہین۔ اب قانون افیون و مسکرات نافذ ہو گیا ہی آیندہ سماعت مقدمات چرس بموجب دفعہ (۵) ایکٹ افیون و مسکرات منظوری فرمائی جائے۔

۲- یہ کہ چرس تحت قانون مذکور مسکرات مین داخل نہین ہی اسکو شے مسکر قرار دیا جائے۔

۳- اب چونکہ قانون مسکرات جاری ہو چکا ہی۔ اسلئے اسکی منظوری کی بھی ضرورت ہی کہ قانون آبکاری مین جہانتک کہین چرس کا ذکر و تعلق ہی وہ منسوخ متصور ہو۔

بدانست خیرخواہ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کی یہ استدعا قابل منظوری ہی۔ اس سے انسداد خفیہ فروشی چرس وغیرہ مین کافی امداد ملیگی۔ ابتدائی مقدمات چرس کو کہین جسطرح پہلے سپرنٹنڈنٹ آبکاری کے یہان دائر ہوتے تھے اور انکا اپیل اجلاس خیرخواہ مین آتا تھا اب بھی بصیغہ تجارت بلا تغیر بالا مقدمات کی یہی رفتار رہیگی۔ صرف فرق اسقدر ہو جائیگا کہ پہلے تحت قانون آبکاری چالان آتا تھا اور اب زیر دفعہ (۵) تحت مسکرات چالان آئیگا۔ مستدعی کہ حسب صراحت بالا منظوری صادر فرمائی جائے۔ دولت و اقبال درخشان باد۔

دستخط خیرخواہ نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
معروضہ ۲۲ جولائی ۱۹۲۷ء

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

بموجب روبکار اجلاس ہمایون سررشتہ صدارت احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایک نقل اندراج گزٹ کے لئے مطبع بھیجی جائے۔ دو جلد کتابین ہمراہ ہین سررشتہ صدارت اصل حکم کے ساتھ یہ دونون کتابین صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کے پاس مرسل ہون - ۱۱ اگست ۱۹۲۷ء

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۲۲ اگست ۱۹۲۷ء

مثبتہ عرضداشت سرار صاحب ڈپٹی دربار منظوری رخصت ۱۱ یوم بغرض علاج خود محمد نبی رجسٹرار کتب خانہ۔

حکم

بموجب رپورٹ ۱۱ یوم کی رخصت محمد نبی رجسٹرار کتب خانہ کی منظور کیجاتی ہی احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۲۴ اگست ۱۹۲۷ء

صیغہ تعمیرات کے اکثر حسابات آڈٹ سے اس اعتراض کے ساتھ واپس ہوتے دیکھے گئے کہ "بل مین کام کا نرخ زیادہ ہی" جسکے جواب مین صیغہ تعمیرات سے کہا گیا کہ "تخمینہ منظور شدہ کے موافق نرخ دیئے گئے ہین" اور "منظور شدہ تخمینہ مین بیشی نرخ کا اعتراض آڈٹ کے فرائض سے بالاتر ہی کیونکہ بلحاظ نوعیت کام نرخ مقرر ہوتا ہی جسکو آڈٹ نہین سمجھ سکتا ہی۔ اہلکاران تعمیرات انکا نرخ بلحاظ نوعیت و موقع معین کرتے ہین"

چونکہ قدیم سے یہی عمل چلا آرہا ہی کہ تخمینہ منظور شدہ کے موافق آڈٹ بلون کی جانچ کرتا ہی اگر بمقابل تخمینہ منظور شدہ بل میزان بھی ہوتی ہو تو [illegible] اور یہ منہائی جائز متصور ہوتی ہی لیکن تخمینہ منظور شدہ کے نرخ پر آڈٹ سے بیشی نرخ کا اعتراض نہین ہوتا۔ لہذا یہی قدیمی طریقہ عمل جاری رہنا چاہئے اسکے خلاف صورت مین بجز طوالت دوران کاغذات کچھ نتیجہ نہین۔ ختم سال کا زمانہ آگیا صیغہ تعمیرات کے ذمہ کثیر رقم [illegible] باقی ہی جسکی صفائی کے لئے [illegible] مین پبلک ورک کی توسیع بجٹ منظور ہوئی ہی۔ آڈٹ سے جلد حسابات تعمیرات حسب قاعدہ طے کئے جائین تاکہ ختم سال تک [illegible] صاف ہو جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدارت سے ایک نقل روبکار ہذا کی صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر کے پاس بغرض اطلاع آڈٹ دفتر مرسل ہو، ایک نقل صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کے پاس بھیجی جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
مورخہ ۲۵ اگست ۱۹۲۶ء

آج فدا علیخان رسالدار میجر رسالہ ماؤنٹڈ پولیس نے اجلاس پر بمقام ڈیرہ دون حاضر ہو کر درخواست با استدعائے معافی قصور و خطائے انچارجی رسالہ مذکور مثل سابق صدر تو صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس پیش کی جسکی بابت صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس نے اپنی رپورٹ میں لکھا ہے کہ آدمی مستعد و ہوشیار ہے کام محنت سے کرتا ہے انچارجی کا کام بھی اچھا کیا اور قابل انچارج ہے۔ چونکہ رسالدار مذکور قصور کی معافی چاہتا ہے اور آیندہ اچھا کام کرنیکا وعدہ کرتا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

فدا علیخان رسالدار میجر مثل سابق رسالہ ماؤنٹڈ پولیس کا انچارج مقرر ہو۔ اور اپنا کام نہایت محنت و مستعدی سے انجام دے۔ صاحبزادہ ابو یوسف جمال خان صاحب لفٹنٹ پولیس سے اب رسالہ کا تعلق نہ رہیگا۔ سررشتہ صدر سے احکام مناسب جاری ہوں۔ ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
مورخہ ۲۵ اگست ۱۹۲۶ء

صاحب مجسٹریٹ آبکاری کے چند فیصلے متعلق دفعہ (۱۰۱) ایسے ملاحظہ ہوئے جن میں انہوں نے دفعہ مذکور کی شق ثانی میں سزا دی ہے حالانکہ استعمال بالکل بے محل اور قیاسات بعید سے نتیجہ نکالا گیا تھا۔ مثلاً ایک مقدمہ میں لکھا گیا تھا کہ [illegible] کہنا معصیت انسانی ہے اور احکام الٰہی کے بھی خلاف ہے۔ اسلئے شق دوم میں سزا دیگئی۔ دوسرے مقدمہ میں دو گواہ ملزم کی غیر حاضری اسکے مکان سے بتاتے ہیں لیکن اسی شام کو اور دوسرے روز بھی اسی ملزم کی شہر میں موجودگی اور اپنے دیکھنے کا اظہار کرتے ہیں۔ مگر ملزم کی غیر حاضری تسلیم کر لی گئی اور شق ثانی میں سزا دیگئی۔

چونکہ شق (۱۰۱) کا بے محل استعمال کیا گیا تھا اسوجہ سے اجلاس ہذا سے ۲۰ اگست کو بہ وضاحت روبکار جاری کیا گیا کہ صاحب مجسٹریٹ آبکاری دفعہ مذکور کی دونوں شقوں کا منشا اور محل استعمال صحیح معنوں میں سمجھ لیں۔ بجواب اسکے صاحب مجسٹریٹ آبکاری نے ۲۴ اگست کو عرضداشت بھیجی جسمیں اظہار کیا ہے۔

کہ:-

۱- فدا بخیر دار کا اسمین کوئی قصور نہیں

۲- جلد قانون مسکرات عرضداشت کے ساتھ بغرض ملاحظہ بھیجی گئی

۳- یہ کہ ابتک جو سزائیں دی ہیں جلد آمد سابقہ صاحب مجسٹریٹ ضلع و اسسٹنٹ مجسٹریٹ کی موافق دیگئی ہیں۔

۴- حضور کی خوشنودی مزاج کا تصور کر کے شق ثانی دفعہ مذکور کے تحت میں سزائیں دی ہیں۔

صاحب مجسٹریٹ آبکاری کے ان جوابات پر ہمکو سخت تعجب ہے۔ نمبر (۱) سے کیا مقصد ہے کہ بے وجہ انکو الزام دیا گیا۔ نیز جلد قانون بھیجنے سے کیا اجلاس کو تعلیم دینا مقصود ہے یعنی ابتک اجلاس لاعلم تھا۔ اس جلد کے دیکھنے سے علم آئیگا۔ ان دونوں نمبروں کے متعلق صرف اسقدر کافی ہے کہ انکی بے قصوری کی یہ دونوں نمبر مزید تائید کرتے ہیں۔

نمبر (۳) کے متعلق ہم نہیں سمجھ سکتے کہ کسی عدالت مجاز کا یہ رویہ کہ وہ سابقہ نظیر کو فیصلہ دہی میں بلا امتیاز حق و باطل تقلید کرے کہانتک صحیح ہے۔ نمبر (۴) کے متعلق ہم نہیں خیال کر سکتے کہ صاحب مجسٹریٹ آبکاری کی اس غلط کارروائی پر جو دفعات کے استعمال میں اُنسے سرزد ہوئی ہے ہم کیونکر خوش ہو سکتے ہیں۔ ہمارا ہرگز ہرگز یہ منشا نہیں ہے کہ کسی شخص کے ساتھ کسی قسم کا کوئی جبر یا زیادتی ہو۔ بلکہ ہمارا شعار و منشا صرف راحت رسانی اور قیام امن و رعایا ہے۔ اور اسی خیال کو مد نظر رکھتے ہوئے ہم بذات خود گشت شاذ و نادر کرتے ہیں اور وقتاً فوقتاً ہر موقع دیکھتے اور ہر معاملہ پر غور کرتے ہیں۔ یہ بات ہمکو کسی طرح پسندیدہ نہیں ہے کہ پولیس یا آبکاری کسی بے گناہ شخص کے ساتھ قصداً زیادتی کی جائے۔ اسکے ساتھ ہی یہ منشا بھی نہیں ہے کہ پولیس آبکاری یا دیگر صیغہ جات اپنے اپنے فرائض ادا کرنے میں تساہل کریں جسکا نتیجہ یہ ہو کہ خفیہ فروشی اور دیگر جرائم اچھی طرح ہونے لگیں۔ اس صورت میں بھی سخت مواخذہ اور بازپرس کیجائیگی۔ منشا یہ ہے کہ جو لوگ بد وضع، جرائم پیشہ، خفیہ فروش ہوں انکا ضرور تدارک کیا جاوے۔ اور سرزنش کیجائے لیکن اسی حد تک جو قانوناً منشا ہے۔ اور جو لوگ بد وضع وغیرہ نہوں اُنسے کوئی تعرض نہ کیا جائے۔ صیغہ پولیس کی بد وضعوں کے متعلق علیحدہ روبکار جاری ہو چکا ہے۔ اور سلسلہ [illegible] لکھا گیا ہے کہ پولیس اور آبکاری دونوں صیغے مضمون روبکار ہذا کا اپنے آپکو مخاطب سمجھیں اور متنبہ ہوں۔ اور صرف ہذا کا طرز عمل پر کاربند ہوں۔

صاحب مجسٹریٹ آبکاری کی اول تو مقدمات میں ایسی سزائیں دینا [illegible] اور پھر [illegible] عرضداشت ۲۴ اگست [illegible] بصراحت مضمون

نہایت نازیبا ہوئے۔
فیصلہ غیر صحیح صادر کرنیکا جواب عدالتی حیثیت سے وقار عدالت قائم کرنیکے
استیعدکا سکانی سمجھا گیا تھا کہ انکا فیصلہ مسترد کردیا گیا۔ اور علیحدہ روبکار ہدایتی جاری
کردیا۔ لیکن ۲۴ راگست ۱۹۲۶ء کی مسل عرضداشت گستاخانہ ہی۔ سرریست
اسی پر اکتفا کیا جاتا ہے کہ صاحب مجسٹریٹ آبکاری چوبیس گھنٹہ کے لئے معطل
اور ایک سال تک انکا اضافہ بند رہے۔ اور بقصور اس گستاخی کے وہ معافی
کی استدعا اجلاس ہذا میں کریں اجلاس سے معافی دیکر درج گزٹ کرا دیجائیگی۔
صیغہ پولیس اور آبکاری اس سے سبق حاصل کریں۔ جملہ صیغہ جات ماتحت
اس سے متنبہ ہوں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ
پولیس کے پاس ایک نقل صاحب مجسٹریٹ آبکاری کے پاس مع جلد قانون سکرات
ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ آفس ہذا کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو
ایک نقل صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت کے پاس بھیجی جائے۔ ایک
نقل صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

(نوٹ) ۲۱ راگست کا روبکار جو ہدایت صاحب مجسٹریٹ آبکاری کے لئے
اجلاس ہذا سے جاری ہوا ہے اور دوسرا روبکار جو صاحب مجسٹریٹ سرسری کی
ہدایت کے لئے جاری ہوا ہے اور تیسرا فیصلہ جسکی نقل درج گزٹ ہوئی ہے۔ ان
ہرسہ روبکاروں کی نقلیں بھی ان سب صیغہ جات ماتحت اور سکریٹری صاحبان
بہادر ماتحت کے پاس جائینگے۔ جنکے پاس حسب صراحت بالا اس روبکار کی
نقل جائیگی۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۲۶ راگست ۱۹۲۶ء

بملاحظہ عرضداشت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر واضح ہوا کہ بغیر روشنی کے
شب میں بائیسکل چلانیوالے کانسٹبل کے دریافت پر اکثر نام و پتہ غلط بتاتے ہیں
جسکی وجہ سے دقتیں پیش آتی ہیں۔ قبل ازیں بائیسکل والوں کے متعلق وقتاً فوقتاً
مختلف احکام جاری ہو چکے ہیں۔ مثلاً شب میں بلا روشنی بائیسکل نہ چلائیں

یا ایک سائیکل پر دو شخص نہ سوار ہوں۔ لیکن وہ ان احکامات کی تعمیل نہیں
کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ احکام انہیں کے مفاد کی غرض سے جاری کئے گئے ہیں
کہ کوئی ایکسیڈنٹ نہ ہو اور وہ نقصان سے محفوظ رہیں۔ چونکہ احکام کی پابندی
نہیں ہوتی اس لئے برائے آئندہ بصراحت ہذا انتظام کیا جاتا ہے میونسپلٹی
میں ایک رجسٹر تیار کیا جائے جسمیں شہر کی کل بائیسکلیں خواہ پرائیویٹ ہوں یا
فوجی ڈپارٹمنٹ سب درج کیجائیں۔ اور جملہ بائیسکلوں پر نمبر ڈالا جائے تاکہ پولیس
اور میونسپلٹی ذریعہ نمبر بائیسکل کو فوراً شناخت کرے۔ بائیسکلوں کے پچھلے مڈگارڈ پر
موٹے اور روشن حروف میں نمبر پڑیگا۔ پرائیویٹ بائیسکلوں پر سفید نمبر اور نمبر کے
اوپر حروف (R.R.) اور سرکاری بائیسکلوں پر بھی سفید نمبر اور نمبر کے اوپر
(R. S.) بنینگے۔ ایک روپیہ سالانہ ہر سال فی بائیسکل فیس رجسٹریشن میونسپلٹی
میں وصول کیا جائیگا۔ اور وقتاً فوقتاً میونسپلٹی سے بائیسکلوں کا انسپکشن ہوا کریگا۔
سالانہ رجسٹر بدلا جائیگا۔ اور نمبروں کی تجدید ہوا کریگی۔ جو شخص بائیسکل پر نمبر نہ ڈلوائیگا
اسکی سائیکل بند رہیگی۔ یعنی وہ چلانیکا مجاز نہ ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل اس روبکار کی
جملہ سکریٹری صاحبان بہادر۔ صاحب بریگیڈ کمانڈر بہادر و سردار صاحب ڈپٹی
و صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس و صاحب سپرنٹنڈنٹ آفس ہذا و صاحب سپرنٹنڈنٹ پرنٹنگ
ہاؤس ہولڈ کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ میونسپلٹی سے ذریعہ
آواز دہل منادی کرا دیجائے۔ سررشتہ دار صاحب نقلیں صحیح جاری کریں
اور گزٹ میں بھی صحیح الفاظ چھاپے جائیں۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

اضافہ

۲۶ راگست ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر در بارہ اضافہ تنخواہ
حکیم احمد حسن صاحب انسپکٹر نگران ادویہ یونانی بوجہ خوش اسلوبی (کام)

حکم

بموجب رپورٹ حکیم احمد حسن نگران ادویات یونانی کی تنخواہ موجودہ میں پندرہ روپیہ (ماہوار) کا
اضافہ منظور ہوا۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقعہ ۲۸ اگست ۱۹۲۶ء

مشمولہ عرضداشت ... جناب نواب ولیعہد بہادر ... اجلاس ہمایون ...
حضور پرنور دام اقبالہم ... مورخہ ۱۰ اگست ۱۹۲۶ء

بابت تخفیف صیغہ سینما بوجہ کمی آمدنی و نقصان سرکاری۔

بموجب حکم اجلاس ہمایون سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ یکم اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء سے تخفیف صیغہ سینما کی عملدرآمد ہوگی۔ ایک ایک نقل جناب ملٹری سکریٹری بہادر و صاحب سپرنٹنڈنٹ فنس کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر سے دریافت کیا جائے کہ علاوہ مشین کے اور کیا کیا سامان صیغہ سینما کا ہے اور آیندہ کس کام میں لایا جائیگا۔ اور مشین کے بحفاظت رکھے جائیگی اور کہاں انتظام کیا جائیگا۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقعہ ۲۸ اگست ۱۹۲۶ء

بنظر مناسب — حکم ہوا کہ

سید شوکت علی انگلش کلرک کو پندرہ یوم کے لئے معطل کیا جائے۔ (تنخواہ صیغہ پرنٹر سے ... اور صیغہ پولیس سے ... الاونس ملتا ہے) سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقعہ ۳۰ اگست ۱۹۲۶ء

۱۔ ماہ حال میں۔ ارشاد علی دفتری اور حامد علی چپراسی پر پانچ پانچ روپیہ جرمانہ کیا گیا ہے۔ اب بہ پرورش ... ترمیم حکم سابقہ معافی چار چار روپیہ ... جرمانہ کیا جانا منظور ہے۔

۲۔ سید شوکت علی انگلش کلرک کو بحکم ۲۸ اگست ۱۹۲۶ء پندرہ یوم کے واسطے معطل کیا گیا تھا۔ بنظر رحمت نوازی ۲۹ لغایت ۳۱ اگست ۱۹۲۶ء بہ ترمیم حکم سابقہ معطل کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

معافی

۱۳ اگست ۱۹۲۶ء

بسلسلہ روبکار اجلاس ... ۲۵ ... حسب استدعا ... صاحب بخشی ... بقصور ... معافی دیجاتی ہے۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

بحضور مرشدزادہ آفاق نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

عریضہ ...

جناب عالی

بعد ... فرمان عالی نمبری ... فرمایا ... معافی قصور کا حکم ہو کر امیدوار ہے کہ شرف معافی سے مشرف فرما کر فرمایا کو عزت بخشی جائے۔ ...

عریضہ ... بخشی ...
معروضہ ۳۰ اگست ۱۹۲۶ء

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

... اگست ۱۹۲۶ء

بنظر رپورٹ ہیڈ کلرک صاحب دفتر انگریزی ... منظوری رخصت دو ہفتہ منشی ناصر علی ... دفتر انگریزی ... معہ تصدیق ڈاکٹر

حکم

۲۸ اگست ۱۹۲۶ء سے رخصت دو ہفتہ بوضع نصف تنخواہ منظور ہے۔ نقل برائے اجرائے احکام صدر کو مرسل ہو۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۲۳ اگست ۱۹۲۰ء

بر بنائے رپورٹ دفتر سکریٹری بہادر معنون حضرت عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم کے اجلاس سے حکم نافذ ہوا ہے کہ تو سیٹ بدی کے کسی بل کی رقم جب تک اکاؤنٹنٹ کو بار سیٹ کو وصول نہ ہو جائیگی اسکے بعد کے ہر بل میں اس غیر مودی بل کی رقم شامل ہی درج ہوتی رہیگی جس دفتر کے متعلق جو بل ہے اس دفتر کے اہلکار متعلق کا یہ کام ہے کہ رقم کے مکرر مجرا نہ ہو جانیکا خیال رکھینگے لہذا اجلاس ہذا کے ماتحت جس جس محکمہ و دفتر میں تو سیٹ کی استعمال ہوتا ہے انمیں حسب نمونہ منسلکہ ایک رجسٹر فوراً مرتب کر لیا جائے۔ اور جو بل بالفعل غیر مودی ہیں انکا اندراج اس رجسٹر میں کر لیا جائے۔ اور آئندہ جو بل وصول ہوا اسکا فوراً رجسٹر بل میں اندراج کیا جائے۔ اور اس امر کو جانچ لیا جائے کہ آیا اس بل میں کسی پہلے بل کی رقم شامل ہے یا نہیں تاکہ جمع خرچ میں پہلے بل کی رقم شامل نہ ہو

لہذا حکم ہے کہ

ایک ایک نقل اس روبکار کی عدالتہائے ماتحت اور جملہ صیغہ جات ماتحت میں بھیجی جائے۔ اور ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نمبر بل	[illegible]	[illegible]	[illegible]	اگر اس بل میں کسی پہلے بل کی رقم شامل ہو تو اسکی تفصیل ...	اس صورت میں کہ رقم نقد ادا کی گئی ہو			اس صورت میں کہ جمع خرچ سے رقم ادا کی گئی ہو			کیفیت
					[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲

ہدایات

(۱) جس وقت بل کا جمع خرچ بھیجا جائے فوراً خانہ نمبر ۹ میں اندراج کیا جائے مجرائی کا استفسار کیا جائے۔

(۲) اگر بل میں کسی پہلے بل کی رقم شامل ہو اور وہ رقم ادا کر دی گئی ہو یا اسکا جمع خرچ بھیجا گیا ہو تو خانہ کیفیت میں تحریر کیا جائیگا کہ جمع خرچ بعد رقم کا بھیجا گیا ہے رقم سابق اس جمع خرچ میں شامل نہیں ہے۔

(۳) اگر کوئی بل معلوم ہو کہ ترمیم کے لئے واپس کیا جائے تو بعد ترمیم جو صحیح شدہ بل ہو وہ درج رجسٹر کیا جائے۔ لیکن اگر ترمیم سے قبل درج رجسٹر ہو گیا ہو تو بعد ترمیم خانہ کیفیت میں ترمیم کا نوٹ کر دیا جائے۔

(۴) اگر کوئی بل درج رجسٹر ہونے کے بعد خارج ہو جائے تو خانہ کیفیت میں اسکا نوٹ کر دیا جائے۔

نقشہ بارش ہفتہ من ابتداء ۲۴ اگست لغایت ۳۰ اگست ۱۹۲۶ء ریاست امب

تاریخ و دن	صدر عالیہ: بارش	صدر عالیہ: از یکم جون	تحصیل پاسپور: بارش	تحصیل پاسپور: از یکم جون	تحصیل سوار: بارش	تحصیل سوار: از یکم جون	تحصیل شاہ آباد: بارش	تحصیل شاہ آباد: از یکم جون	تحصیل ٹک: بارش	تحصیل ٹک: از یکم جون	تحصیل [illegible]: بارش	تحصیل [illegible]: از یکم جون
۲۴ اگست ۱۹۲۶ء یوم چہار شنبہ	۲	۳۸۵	۲½	۳۵۵½	۰	۴۰۶	۰	۳۵۸	۲	۳۸۴	۲	۳۳۸
۲۵ اگست ۱۹۲۶ء یوم پنجشنبہ	۰	۳۸۵	۰	۳۵۵½	۱۴	۴۲۰	۰	۳۵۸	۰	۳۸۴	۰	۳۴۸
۲۶ اگست ۱۹۲۶ء یوم جمعہ	۰	۳۸۵	۰	۳۵۵½	۰	۴۲۰	۰	۳۵۸	۰	۳۸۴	۰	۳۴۸
۲۷ اگست ۱۹۲۶ء یوم شنبہ	۰	۳۸۵	۲½	۳۵۸	۰	۴۲۰	۰	۳۵۸	۰	۳۸۴	۵	۳۵۳
۲۸ اگست ۱۹۲۶ء یوم یکشنبہ	۱۷	۴۰۲	۰	۳۵۸	۱۲	۴۳۲	۴۲	۴۰۰	۵	۳۸۹	۵	۳۵۸
۲۹ اگست ۱۹۲۶ء یوم دوشنبہ	۷	۴۰۹	۶	۳۶۴	۷	۴۳۹	۱۵	۴۱۵	۲۶	۴۱۵	۶	۳۶۳
۳۰ اگست ۱۹۲۶ء یوم سہ شنبہ	۰	۴۰۹	۰	۳۶۴	نقشہ نہیں آیا	۰	۲	۴۱۷	۰	۴۱۸	۰	۳۷۴

ہفتہ اول - نقشہ اجناس بابت ریاست امب من ابتداء یکم ستمبر ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ٹک	پاسپور	سوار	[illegible]	کیفیت
گندم	[illegible]	۰۱۰	۰۸	[illegible]	۰	۰۸	تحصیل سوار سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	[illegible]	۰۹	[illegible]	۰۹	۰	۰۱۰	
نخود گرد آمیز	[illegible]	۰	۰۹	۰۹	۰	۰۹	
[illegible]	[illegible]	۰	۰۱۰	۰۹	۰	۰۱۰	
ماش	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰۵	۰	۰۵	
مونگ	[illegible]	۰	۰	۰	۰	۰۵	
مکئی	۰۱۱	۰	۰	۰۱۰	۰	۰۹	
[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	۰۱۲	۰	۰۱۱	
[illegible]	۰۱۱	۰	۰۱۰	۰۹	۰	۰۹	
[illegible]	[illegible]	۰	۰۶	۰۹	۰	۰۶	
[illegible]	۰۶	۰	۰۶	[illegible]	۰	۰۶	
برنج	[illegible]	[illegible]	۰۵	[illegible]	۰	۰۵	
روغن زرد	[illegible]	[illegible]	۰۱	۰۱	۰	۰۱	
روغن سیاہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	۰۱	
روغن [illegible]	[illegible]	۰۱	۰۱	۰	۰	۰۱	
نمک [illegible]	۰۱۲	۰۱۳	۰۱۲	[illegible]	۰	۰۱۲	
[illegible]	۰۶	۰۸	۰۶	[illegible]	۰	۰۸	
قند سیاہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	۰۶	
[illegible]	۰۶	۰	۰	۰	۰	[illegible]	

نقشہ گوشوارہ حیات و ممات ... ریاست رامپور بابت ماہ جولائی سنہ ۱۹۴۶ء

نام تھانہ	تفصیل پیدائش: مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		تفصیل متوفی: ایک سال سے کم		۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض							تعداد	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۷	۸	۱۲	۰	۵۰	۳۸	۱۲	۲۶	۱۲	۱	۰	۳۱	۱۳	۳۸	۲۶	۵۰	۱۲	۲	۱۰	۵۳	۰	۰	۰	۰	۶۵	
گنج	۳۳	۲	۱۳	۲	۵۶	۲۳	۳	۱۳	۲	۱	۰	۶	۷	۳۲	۱۱	۲۶	۵		۲	۰	۳۱	۱	۰	۰	۳۴	مرض ناگہانی
حوالی شہر	۸	۹	۳	۶	۲۰	۱۱	۲۲	۳	۲	۱	۰	۳	۲	۶	۴	۷	۵	۰	۰	۹	۱	۰	۰	۰	۱۱	
عظیم نگر	۱۳	۱۲	۱۳	۲	۵۰	۲۵	۲۵	۵	۵	۰	۰	۲	۹	۱۱	۱۳	۱۴	۱۱	۰	۲	۲۰	۱	۲	۰	۰	۲۵	
شاہ آباد	۱۶	۳۹	۱۰	۳۷	۱۲۷	۷۶	۱۰۷	۴۲	۴۱	۲	۲	۱۸	۹	۵۲	۳۰	۲۰	۵۲	۱	۲	۰	۴۳	۱	۰	۰	[illegible]	
چھاؤنی	۵	۲۸	۹	۱۰	۴۳	۱۴	۲۸	۱۱	۳	۲	۱	۹	۵	۱۶	۹	۱۰	۱۸	۰	۷	۰	۲۵	۱	۰	۰	۳۳	
ملک	۱۲	۸۱	۸	۵۶	۱۸۸	۲۰	۱۲۹	۲۹	۳۱	۱	۲	۱۹	۱۲	۴۹	۵۵	۱۸	۸۶	۰	۱۱	۰	۹۰	۳	۰	۰	۱۰۴	
بلاسپور	۲۵	۳۱	۱۴	۲۰	۸۰	۳۴	۵۱	۱۱	۲۶	۳	۸	۲	۹	۱۶	۲۴	۲۶	۱۷	۰	۸	۰	۳۶	۲	۰	۰	۴۵	
کیمری	۳	۱۴	۳	۱۱	۳۱	۹	۲۵	۵	۱	۱۳	۰	۵	۳	۱۳	۴	۵	۲	۰	۲	۹	۳	۳	۰	۰	۱۷	[illegible]
سوار	۲۳	۱۳	۱۵	۱۶	۴۹	۳۹	۳۰	۲۰	۹	۵	۴	۲۰	۵	۳۵	۱۵	۲۹	۱۷	۰	۵	۰	۵۴	۱	۰	۰	۶۰	
ٹانڈہ	۱۰	۱۰	۱۲	۱۲	۵۸	۲۹	۲۹	۱۶	۱۷	۰	۱	۱۵	۹	۳۱	۲۷	۳۹	۲۱	۰	۳	۰	۵۳	۱	۰	۰	۵۷	
میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	۰	۵۱۸	